Maulana Azad National Urdu University

B.A V Semester Examination - December - 2018

UGHS501GET : Indian National Movement ہندوستانی قومی تحریک

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی کی بنیاد کب پڑی۔

(ii) پلاسی کی جنگ کب ہوئی۔اس جنگ میں برٹش کمپنی کے مخالف کون تھے۔

(iii) 1857 کی بغاوت میں اودھ صوبہ کی قیادت کون کر رہا تھا۔

(iv) انڈین نیشنل کانگریس کی بنیاد کب اور کہاں پڑی۔

(v) کانگریس کی انتہا پسند جماعت (Extremist Group) میں سے کسی دو لیڈر کے نام بتائیں۔

(vi) 1909 کا ہندوستانی حکومت ایکٹ اور کس نام سے جانا جاتا ہے۔

(vii) چوری چورا (Chauri-Chaura) کا واقعہ کب پیش آیا۔

(viii) تیسری گول میز کانفرنس کب منعقد ہوئی۔

(ix) ''ہندوستان چھوڑو'' تحریک مہاتما گاندھی نے کب شروع کی۔

(x) ''کرو یا مرو'' کا نعرہ کس نے دیا۔

حصہ دوم

(2) اعتدال پسند (Moderates) اور انتہا پسند (Extremists) کانگریسیوں کے درمیان فرق کو واضح کریں۔

(3) مسلم لیگ کے قیام اور مقاصد پر ایک مختصر مضمون لکھیں۔

P.T.O

(4) کیا بکسر کی جنگ پلاسی کی جنگ سے زیادہ اہم تھی؟ وضاحت کریں۔

(5) کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کا قیام کن حالات میں ہوا اور اس کے کیا مقاصد تھے؟ روشنی ڈالیے۔

(6) 1919ء کے منٹیگیو۔چیمسفورڈ اصلاحات کی اہم خصوصیات کا ذکر کریں۔

(7) ''پونا معاہدہ'' کی اہم دفعات کیا تھیں؟ بیان کریں۔

(8) ''ہندوستان چھوڑو'' تحریک پر ایک نوٹ لکھیں۔

(9) 1947 کے آزادی ہند ایکٹ کی اہم دفعات پر روشنی ڈالیں۔

حصہ سوم

(10) پلاسی کی جنگ کے اسباب اور اس کی تاریخی اہمیت پر تفصیلی مضمون لکھیں۔

(11) 1857 ء کی بغاوت کے وجوہات بیان کریں۔تشریح کریں کہ یہ بغاوت ناکام کیوں ہوئی۔

(12) پہلی قومی انجمن ''انڈین نیشنل کانگریس'' کا قیام کس طرح ہوا؟ اس کے مقاصد پر بھی روشنی ڈالیں۔

(13) ہندوستانی حکومت ایکٹ 1935 کی خصوصیات کا جائزہ لیں۔

(14) ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں مہاتما گاندھی کی خدمات کا تجزیہ کریں۔

☆☆☆